# ہاؤنسلو ہومز سروسز کیلئے رسائی حاصل کرنا

## آپ سے بات چیت/ دوطرفہ گفتگو کرنا

### ہاؤنسلو ہومز سروسز

#### ہم کون ہیں

کونسل کے 16,500 گھروں کے انتظامی امور کو چلانے کیلئے 2002 میں ہاؤنسلو ہومز کا آغاز کیا گیا۔ بَرا (کونسل کے علاقہ) میں گھروں کے معیار کو بہتر کر کے ہم امید کرتے ہیں کہ 2007 تک ''ڈیسنٹ ہومز'' (عمدہ گھروں) کے ہدف کو پورا کر لیں گے۔

#### ہم کیا کرتے ہیں

ہم کونسل کے گھروں کے انتظامی امور، مرمتیں اور اُن کی بہتری کو باحفاظت اور رہنے کیلئے بہتر جگہیں بنانے کیلئے دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو، کونسل کے علاقے میں گھروں کی ملکیت اور کرایہ داروں کو گھر فراہم کرنے اور اُن کے کرائے مرتب کرنے کی ذمہ داری کو جاری رکھتے ہیں۔

### ہماری سروسز تک رسائی حاصل کرنا

#### مختلف زبانیں

جن لوگوں کی مادری زبان انگریزی نہیں ہے، ہاؤنسلو ہومز اُن کیلئے ترجمانِ زبان اور ترجمے کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

براہِ کرم، اگر آپ کو اُردو زبان میں معلومات درکار ہوں، تو لیف لٹ/ دستاویز کا نام اور حوالہ نمبر دے فون: 0208 583 2299 یا منی کوم: 0208 583 3122 پر رابطہ کریں۔

#### ذاتی طور پر رسائی حاصل کرنا

ہاؤنسلو ہومز کے ہاؤسنگ کے دفاتر میں رسائی حاصل کرنے کیلئے ویل چیئر (معذور لوگوں کیلئے چلنے والی کرسی)، ہموار راستہ کے ذریعے داخلہ، پرآمز (بچّہ گاڑیاں)، اور بگھیاں، بچّوں کے کپڑے تبدیل کرنے کرنے کی جگہ کی سہولت اور آسانی سے مہیا شدہ ٹوائلٹس (بیت الخلا) حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اگر آپ ہمارے دفتر میں نہیں آسکتے ہیں، تو آپ کے گھر پر آ کر ملنے کا انتظام بھی کیا جا سکتا ہے۔

#### لُوپ سسٹم (سماعت کی معذوری کی صُورت میں استعمال کیا جانے والا مخصوص انتظام)

سیوک سینٹر، چیزک ٹاؤن ہال، برینٹ فورڈ اور فلتھم میں واقع سینٹ کیتھرینز ہاؤس کے ہاؤسنگ کے دفاتر میں ایسے کمرے دستیاب ہیں، جہاں لُوپ سسٹم نصب کیا گیا ہے۔ جہاں لُوپ سسٹم کی تنصیب میسر نہیں ہے، وہاں پر پورٹ ایبل (آسانی سے اٹھایا جانے والا) لُوپ سسٹم مہیا ہے۔ یہ انتظام ہمارے اُس عملے کو بھی دستیاب ہے، جو ایسے کرم فرماؤں/ صارفین کو، جو سماعت (سنائی دینا) کی کمزوری والے ہوتے ہیں، اور اُن کے گھروں پر یا دوسری جگہوں پر اُن سے ملنے جاتے ہیں۔

## آڈیوٹیپس (آواز کی صُورت میں سنی جانے والی ٹیپ)

آپ کے درخواست کرنے پر ہاؤنسلوہومز آپ کو معلومات، لیف لٹوں میں بتائی گئی تفصیلات یا تحریری خط وکتابت آڈیوٹیپس کی صُورت میں مہیا کر سکتے ہیں۔

## بریل (نابینا لوگوں کیلیئے ابھری ہوئی لکھائی)

ہاؤنسلوہومز اپنے کرم فرماؤں/ صارفین کیلیئے معلومات اور خطوط کا ترجمہ بریل کی صُورت فراہم کرسکتے ہیں۔

## سائن لنگویج انٹرپریٹرز (اشاروں کی زبان استعمال کرنے والے ترجمانِ زبان)

ہاؤنسلوہومز اپنے کرم فرماؤں/ صارفین کیلیئے سائن لنگویج انٹرپریٹرز (برٹش سائن لنگویج اور دوسرے) فراہم کرسکتے ہیں

## بڑے حرفوں/ جلی حروف میں لکھائی

ہاؤنسلوہومز اپنے کرم فرماؤں/ صارفین کیلیئے معلومات اور خطوط بڑے حرفوں میں فراہم کرسکتے ہیں

## ٹائپ ٹاک ((منی کوم) (بہرے لوگوں کیلیئے فون کی سہولت))

ہاؤنسلوہومز ٹائپ ٹاک قبول کرتے ہیں۔ یہ ایک زاردارنہ سروس ہے، جو ٹیکسٹ فون استعمال کرنے والے اور سننے والے کے درمیان ایک آپریٹر کے ذریعے کی جاتی ہے۔

*اگر آپ کو ہاؤسنگ کے متعلق معلومات اُردو زبان میں درکار ہیں، تو براہِ کرم اپنے مقامی ہاؤسنگ آفس سے رابطہ کریں۔ اگر آپ ہمارے کسی آفس میں آ کر ملنا چاہتے ہیں، تو براہِ کرم ہاؤنسلوہومز کو پہلے فون کریں، تا کہ اگر ہمیں آپ کیلیئے کوئی خاص انتظام کرنے کی ضرورت پڑے، تو ہم ایسا کرسکیں۔*

## اپنے مقامی ہاؤسنگ آفس سے رابطہ کرنا

### ایسٹ ایریا (مشرقی علاقہ):

### چیزک اور برینٹ فورڈ آفس (Chiswick & Brentford Office)

چیزک ٹاؤن ہال، ہیتھ فیلڈ ٹیرس، چیزک W4 4JE
یا
59 - 58 برینٹ فورڈ ہائی سٹریٹ،
برینٹ فورڈ TW8 0AH
ٹیلیفون: 020 8583 4220
منی کوم: 020 8583 4390
فیکس: 020 8583 4228
ای میل:
info.housingeast@hounslowhomes.org.uk

Chiswick Town Hall, Heathfield Terrace,
Chiswick W4 4JE
or
58 - 59 Brentford TW8 0AH
Tel: 020 8583 4220
Minicom: 020 8583 4390
Fax: 020 8583 4228

Email

:info.housingeast@hounslowhomes.org.uk

## سینٹرل ایریا (مرکزی علاقہ):

### ہیسٹن/کرینفورڈ اور ہاؤنسلو/آئزل ورتھ آفس (Heston/Cranford & Hounslow/Isleworth Office)

The Civic Centre, Lampton Road, Hounslow
TW3 4DN
Tel: 020 8583 4382
Minicom: 020 8583 3959
Fax: 020 8583 3723

Email:

info.housingcentral@hounslowhomes.org.uk

دی سیوک سینٹر، لیمپٹن روڈ، ہاؤنسلو TW3 4DN
ٹیلیفون: 020 8583 4382
منی کوم: 020 8583 3959
فیکس: 020 8583 3723

ای میل:

info.housingcentral@hounslowhomes.org.uk

## ویسٹ ایریا (مشرقی علاقہ):

### فلتھم/بیڈفونٹ اور ہینورتھ آفس (Feltham/Bedfont & Hanworth Office)

St Catherine's House 2 Hanworth Road
TW13 5AB
Tel: 020 8583 4383
Minicom: 020 8583 4387
Fax: 020 8583 4052

Email:info.housingwest@hounslowhomes.org.uk

سینٹ کیتھرینز ہاؤس، 2 ہینورتھ روڈ، فلتھم TW13 5AB
ٹیلیفون: 020 8583 4383
منی کوم: 020 8583 4387
فیکس: 020 8583 4052
ای میل: info.housingwest@hounslowhomes.org.uk

## ریپیئر کال سینٹر (مرمتوں کی رپورٹ کرانے کیلئے کال سینٹر)

فری ٹیلیفون نمبر: 0800 085 6575
منی کوم: 0800 389 9821
دفتری اوقات کے بعد ایمرجنسی (ہنگامی صُورتِ حال) میں مرمتوں کی رپورٹ کرنے کیلئے ٹیلیفون نمبر: 020 8583 2222

## لنک لائن

جب آپ کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے، تو لنک لائن کے ذریعے آپ صرف ایک بٹن کو چھو کر کسی کو مدد کیلئے خبردار کر سکتے ہیں۔ لنک لائن کی مدد 24 گھنٹے سال کے 365 دن، ٹیلیفون کے ذریعے آپ کو مہیا کی جاتی ہے، اور آپ اِس سکون کے ساتھ اپنی آزادی اور خودمختاری سے اپنے گھر میں رہ سکتے ہیں کہ یہ مدد آپ کو کسی بھی وقت مل سکتی ہے۔ مزید معلومات کیلئے براہِ کرم اِس فون: 020 8583 4400 پر رابطہ کریں۔

## کرم فرماؤں/صارفین کی شکایات اور اُن کے خیالات/رائے/تجاویز

ٹیلیفون: 020 8583 3737
فیکس: 020 8583 4336
منی کوم: 0800 389 9821

ای میل: complaints.team@hounslowhomes.org.uk

## لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو کے ایمرجنسی رابطے کیلئے فون نمبر

دفتری اوقات کے بعد فون نمبر: 020 8583 2222

یا اگر آپ بے گھر ہیں، تو اِس فون: 020 8583 3842 پر رابطہ کریں (صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک)

## ویب سائٹ

آپ ہاؤنسلو ہومز کی اُس ویب سائٹ پر رابطہ کر سکتے ہیں:

www.hounslowhomes.org.uk

## ترجمانِ زبان اور ترجمے کی سہولت

اگر آپ کو اِس کتابچے کی ایک کاپی (نقل) اُردو زبان میں درکار ہے، یا آپ اِسے کسی اور ڈیزائن میں حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو براہِ کرم فون: 020 8583 2299 یا منی کوم: 020 8583 3122 پر رابطہ کریں۔

ہاؤنسلو ہومز نے اِس بات کا عزم کر رکھا ہے، وہ لوگوں کو عزت و احترام اور انصاف پر مبنی سلوک کے ساتھ، عمر، رنگ و نسل یا قومی پس منظر، قومیت، طبقے، مذہبی عقائد، جنس (مرد یا عورت)، ازدواجی بندھن، جنسیت، اپنے اوپر منحصر لوگوں کی ذمہ داری، معذوری، ٹریڈ یونین یا کسی سیاسی سرگرمی، اور اِس کے علاوہ کوئی اور فائدے سے محروم گروپوں کی پروانہ کرتے ہوئے تمام کمیونٹیوں کو سروس مہیا کرتے ہیں۔

Hounslow Homes
Managing quality homes for Hounslow Council